# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: بچت کریں، مدد کریں | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست جوابات کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو دوم"، گتے کا بنا پہیّا، سوالات کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔
- پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں جس میں سبق "بچت کریں، مدد کریں" میں سے کوئی سے چار سوالات پرچیوں پر لکھے ہوئے ہوں اور ان کی باہر کی جانب ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر دیں۔
- اب کمرہ جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا، بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں۔
- بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔
- اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار: (منٹ20)**

- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات اور ان کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں میں لکھیں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیتے رہیں اور ان کی رہنمائی کریں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 69 پر موجود سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ 5 کارڈ لیں، جن پر تین ممکنہ جوابات لکھے ہوں، جن میں سے دو غیر متعلقہ اور ایک جواب درست ہو۔ ایک جملے کے چار کارڈ اس طرح سے کل 20 کارڈ بنائیں۔
- یہ کارڈ اور جملوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں ایک جملے اور اس سے متعلقہ ممکنہ جوابات کے کارڈ ہوں۔

- بچوں کو 5 گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔
- پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب پر دیا ہوا سوال نمبر 3 بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔ اس دوران میں ان کی رہنمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات بورڈ پر لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**سوالات کے مختصر جوابات اپنی کاپی میں لکھیں۔**

ا۔ امی جان نے گھر کی کھڑکیاں کیوں کھول دیں؟

جواب: ____________________

____________________

۲۔ احمد اور ندا نے امی جان کی آواز کیوں نہ سنی؟

جواب: ____________________

____________________

۳۔ اس سبق میں اللہ تعالیٰ کی کن نعمتوں کے بارے میں بتایا گیا ہے؟

جواب: ____________________

____________________

۴۔ پانی کن کن کاموں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب: ____________________

____________________

**سوالات کے مختصر جوابات اپنی کاپی میں لکھیں۔**

الف آمّی جان گھر میں داخل ہُوئیں تو محسوس کی:

i مٹی کے تیل کی بُو
ii گیس کی بُو
iii پٹرول کی بُو

ب آمّی جان غُسل خانے میں گئیں تو کُھلا تھا:

i گٹر کا ڈھکّن
ii پانی کا نَل
iii غُسل خانے کا دروازہ

ج آمّی جان نے آگے بڑھ کر بند کِیا:

i کھڑکی کو
ii دروازے کو
iii ٹیلی وژن کو

د گیس کُھلی چھوڑ دِی تھی:

i آمّی جان نے
ii احمد نے
iii نِدا نے

ہ فصلوں کو سیراب کرنے کے لیے اِستعمال ہوتا ہے:

i تیل
ii پانی
iii شربت

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: بچت کریں، مدد کریں | |

**مقاصد:** غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

سبق کو اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، جملوں کے کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سوال نمبر 3 کی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، اور ان کے غلط اور درست ہونے کی نشان دہی کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی جملے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف گروہوں کے بچوں سے کرواتے ہوئے تمام جملے مکمل کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، اس کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کر دیں۔ انھیں گروہ گلاب اور گروہ سورج مکھی کا نام دے دیں۔
- اب گروہ گلاب اور گروہ سورج مکھی سے کہیں کہ آپ انھیں سبق سنائیں گے / گی۔ انھیں غور سے سننا ہے۔
- اب صفحہ نمبر 73 سے مکمل سبق بچوں کو دلچسپ انداز میں سنائیں۔
- سبق سنانے کے بعد دونوں گروہوں سے کہیں کہ وہ کہانی سے متعلق آپس میں بات چیت کریں اور اس کے اہم نکات ایک دوسرے کو بتائیں۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔

- مقررہ وقت کے بعد پہلے گروہ گلاب سے کہیں کہ وہ سبق کے اہم نکات سنائیں۔ درست نکات سنانے پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی پھر گروہ سورج مکھی کے ساتھ کریں۔
- اب دونوں گروہوں سے کہیں کہ وہ سبق سے متعلق آپس میں بات چیت کریں اور سبق اپنے الفاظ میں ایک دوسرے کو بتائیں۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد پہلے گروہ گلاب سے کہیں کہ وہ جملوں میں ربط اور تسلسل کا خیال رکھتے ہوئے سبق کو اپنے الفاظ میں سنائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی پھر گروہ سورج مکھی کے ساتھ کریں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:**(3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں اور بچوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) جماعت کے کچھ بچوں سے سنائے گئے سبق کے اہم نکات سنیں۔ کچھ بچوں سے سبق سے متعلق سوالات کے جوابات پوچھیں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: بچت کریں، مدد کریں | |

**مقاصد:** الفاظ کی درمیانی آواز تبدیل کر کے نئے الفاظ بنا سکیں۔

عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں۔(زبانی)

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، باجا، بوتلوں کے ڈھکن

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور سب بچوں کو السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ حروف کو باہم ملانے سے کیا بنتا ہے؟ ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ سازی کریں گے۔
- اب بچوں کی دو ٹیمیں بنا دیں۔ ایک کو ٹیم گلاب اور دوسری کو ٹیم سورج کا نام دے دیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ آپ الفاظ بولیں گے / گی۔ انھیں الفاظ کو غور سے سننا ہے اور ان کی درمیانی آوزیں بدل کر نئے الفاظ بنانے ہیں۔
- اب سوال نمبر 6 کے تحت دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ بولیں۔ جس گروہ کے بچے پہلے باجا بجائیں۔ انھیں بتانے کا موقع دیں۔ درست لفظ بتانے کے دو نمبر ہیں
- غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ میں سے کسی بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی حروف پر بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔
- اب جماعت کے چھ گروہ بنا دیں اور ان کے ساتھ کھیل کھیلیں "بوجھیں آپ تو جانیں ہم"۔ اپنے سامنے میز پر بوتلوں کے چھے ڈھکن الٹا کر رکھ دیں، جن کے اندر سوال نمبر 6 کے تحت دیے گئے الفاظ لکھے ہوں اور ان کے باہر 1 تا 6 نمبر لکھے ہوں۔ میز پر ایک پاسا بھی رکھ دیں۔
- کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ پاسا گھما کر پھینکے۔
- پھر اس پر جو نمبر آئے، اس نمبر کا ڈھکن اٹھائے، ڈھکن کے اندر لکھا ہوا لفظ پڑھے گا اور اس کی درمیانی آواز بدل کر نیا لفظ بنائے گا۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔

- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(20منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ کیا انھیں کہانیاں پڑھنا پسند ہے؟ ان کے جوبات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ کہانی کے تین بنیادی حصے ہوتے ہیں جیسے: ابتدا یعنی آغاز، درمیان اور اختتام۔
- بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ کہانی کا ایک نام یا عنوان ہوتا ہے اور ہر کہانی کا ایک نتیجہ بھی ہوتا ہے جس سے ہم کوئی نہ کوئی سبق حاصل کرتے ہیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنادیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کر دیں۔ انھیں گروہ گلاب اور گروہ سورج مکھی کا نام دے دیں۔ انھیں سادہ شیٹ دیں۔
- اب گروہ گلاب اور گروہ سورج مکھی سے کہیں کہ آپ انھیں کہانی سنائیں گے / گی۔ انھیں غور سے کہانی سننی ہے۔ اس کے بعد ان سے کہانی سے متعلق مختلف سرگرمیاں کروائی جائیں گی۔
- اب صفحہ نمبر 77 سوال نمبر 7 کے تحت دی ہوئی کہانی بچوں کو دل چسپ انداز میں کہانی سنائیں۔
- کہانی سنانے کے بعد دونوں گروہوں سے کہیں کہ وہ کہانی سے متعلق آپس میں بات چیت کریں اور اس کے اہم نکات ایک دوسرے کو بتائیں۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔
- اب دونوں گروہوں کو ایک ایک باجا دے دیں۔ ان سے کہیں کہ ان سے کہانی سے متعلق مختلف سوالات پوچھے جائیں گے۔ جو گروہ پہلے باجا بجائے گا، اسے جواب دینے کا موقع دیا جائے گا۔ ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہوں گے۔
- اب سوال نمبر 7 میں دیے ہوئے کہانی سے متعلق سوالات بچوں سے پوچھیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:**(3منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں اور بچوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) جماعت کے کچھ بچوں سے سنائی گئی کہانی کے اہم نکات سنیں۔ کچھ بچوں سے سوالات کے جوابات پوچھیں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| --- | --- | --- |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: بچت کریں، مدد کریں | |

**مقاصد:** جملے میں فاعل اور فعل کی پہچان کر سکیں۔
دیئے گئے موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت دوم کی کتاب، مختلف تصاویر، جملوں کی پرچیاں، ٹوکری، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بورڈ پر پانچ سے چھے تصاویر ایسی لگا دیں، جن میں لوگ مختلف قسم کے کام انجام دے رہے ہوں۔ بچوں سے سوال کریں کہ کہ ان تصاویر میں لوگ کیا کام کر رہے ہیں؟
- بچوں سے جواب لینے کے بعد انھیں شاباش دیں۔ بچوں سے سوال کریں کہ کیا کبھی ایسا ہوا ہے کہ انھوں نے کوئی بھی کام نہ کیا ہو اور سب کام خود ہی ہو گئے ہوں؟ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب بورڈ پر ایسی تصویر چسپاں کریں جس میں بچے کرکٹ کھیل رہے ہوں۔ بچوں سے پوچھیں کہ تصویر میں بچے کیا کر رہے ہیں۔ بچوں کا جواب لیں۔ اب بورڈ پر تصویر کے نیچے جملہ لکھیں:
- "لڑکے کرکٹ کھیل رہے ہیں۔" بچوں سے جملے کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب ایک اور تصویر بورڈ پر چسپاں کریں۔ جیسے: مالی پودوں کو پانی دے رہا ہو۔ بچوں سے پوچھیں کہ اس تصویر میں کیا ہو رہا ہے۔ بچوں کے جوابات لیں۔ بچوں سے جملے کی بلند خوانی کروائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ پہلی تصویر میں لڑکے کرکٹ کھیلنے کا کام کر رہے تھے۔ دوسری تصویر میں مالی پودوں کو پانی دینے کا کام کر رہا تھا۔ جملوں میں الفاظ "مالی، لڑکے" کو خط کشیدہ کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ ایسے الفاظ ہیں جو کام کرنے والے کو ظاہر کر رہے ہیں ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ ایسا لفظ جو کسی کام کے کرنے والے کو ظاہر کرے، اسے "فاعل" کہتے ہیں۔ اب بورڈ پر جملے لکھیں:

✓ احسن سبق یاد کر رہا ہے۔

✓ امّی کچن میں کام کر رہی ہیں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ سبق کون یاد کر رہا ہے؟ کچن میں کون کام کر رہا ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔

- جملوں میں الفاظ "احسن" اور "امّی" کو خط کشیدہ کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ الفاظ کام کرنے والے کو ظاہر کر رہے ہیں۔ یہ فاعل ہیں۔ جبکہ "یاد کر رہا، اور کام کر رہی" فعل ہیں۔ انہیں واضح کریں کہ "فعل وہ لفظ ہوتا ہے جو کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر کرے"۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی سوال نمبر 8 اور 9 میں دیے ہوئے جملوں پر کرواتے ہوئے بچوں کو فاعل اور فعل کا تصور سمجھائیں اور مختلف مثالوں کے ذریعے سے اس کی وضاحت کریں۔
- اب سوال نمبر 8 اور 9 میں دیے ہوئے جملوں پر مشتمل پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ یہ ٹوکری ایک گروہ کے بچوں کو دیں۔ اس گروہ کے بچے ٹوکری میں سے پرچیاں نکال کر ان پر لکھے ہوئے جملے باری باری پڑھیں۔ دوسرے گروہ کے بچے جملے سن کر ان میں موجود فعل اور فاعل بتائیں گے۔
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں پہلے گروہ کو بتانے کا موقع دیا جائے گا۔ جس گروہ نے فاعل کی درست شناخت کی ہو گی، اسے شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 8 اور 9 کے تحت دیے ہوئے جملے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے جملوں میں سے فعل اور فاعل کو تلاش کروا کر ان کے گرد دائرہ لگوائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**دیے ہوئے جملوں میں درست فعل لکھ کر جملے مکمل کریں۔**

| | |
|---|---|
| پکار رہی | پکار رہا |
| جُھول رہی | جُھول رہا |
| لِکھ رہا | لِکھ رہی |
| اُچھل رہے | اُچھل رہا |
| پڑھ رہی | پڑھ رہے |

الف) اَمّی کھانا .................. ہیں۔

ب) نِدا جُھولا .................. ہے۔

ج) حسن خط .................. ہے۔

د) بندر درختوں پر .................. ہیں۔

ہ) چچا جان اخبار .................. ہیں۔

**دیے ہوئے جملوں میں موجود فاعل کے گرد دائرہ لگائیں۔**

الف) حسن کتاب پڑھ رہا ہے۔

ب) اَمّی کھانا پکائیں گی۔

ج) احمد نے سائیکل چلائی۔

د) دادی جان نے سبزی کاٹی۔

ہ) گائے دُودھ دیتی ہے۔

و) نانا جان نے چائے پی۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | | سبق کا نام: ہر مشکل کا حل | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم" تصویریں، لفظی جیب، سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے 4 گروہ بنا دیں۔
- اب ہر گروہ کو ایک ایک تصویر دیں بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو تصویر آئی ہے اسے دیکھیں اور آپس میں بات چیت کریں کہ یہ تصویر کس کی ہے؟ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے کسی ایسے بچے کو تصویر سمیت بلائیں جو جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے جھجکتے ہوں۔
- اس سے کہیں کہ وہ تصویر بورڈ پر چسپاں کر کے جماعت کے بچوں کو بتائے کہ یہ تصویر کس سے متعلق ہے؟ اس طرح یہ سرگرمی دوسرے گروہ کے سے بھی کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- آپ کے سب سے اچھے دوست کا کیا نام ہے؟
- کیا آپ ضرورت پڑنے پر اپنے دوست کی مدد کرتے ہیں؟ یا کسی نے آپ کی مدد کی ہے؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کر لیں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے چند "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔

- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر باآواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں کے تین گروہ بنا دیں۔ سبق کو تین حصوں میں تقسیم کر دیں۔ اب 3 پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 3 نمبر لکھے ہوں۔ وہ ٹوکری باری تینوں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف یا جملوں کی بلند خوانی کرے گا۔
- متن کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔
- مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگراف یا جملوں کی خواندگی کروائیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔
- اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہوا لفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ سبق کے جس جملے میں آیا ہو، اس جملے کی بلند خوانی کرے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سبق کی پڑھائی کر کے آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 4 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: ہر مشکل کا حل | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔
سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت دوم کی کتاب، الفاظ کی پرچیاں، سوالات کی پرچیاں، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے 2 گروہ بنا دیں۔
- خاص الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ پرچیوں پر لکھ کر ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ ایک پرچی پر تمام الفاظ کے حروف لکھے ہوں۔
- ہر لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھنے کی جگہ ہو۔ ہر گروہ میں ایک ایک بچے کو بلائیں اور انھیں ٹوکری میں سے کوئی سی بھی پرچی اٹھانے اور واپس سیٹ پر جانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو پرچیاں آئی ہیں، ان پر لکھے ہوئے حروف پڑھیں، پھر حروف ملا کر الفاظ بنا کر لکھیں اور پھر آگے دی گئی جگہ میں ان کے معانی لکھیں۔ بعد ازاں ان الفاظ پر مبنی جملے پرچی کی دوسری جانب لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور جملے سنانے کے لیے کہیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، انھیں شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔
- پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں جس میں سبق "ہر مشکل کا حل" میں سے کوئی سے چار سوالات پرچیوں پر لکھے ہوئے ہوں اور ان کی باہر کی جانب ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر دیں۔
- اب کمرہ جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا، بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں۔
- بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔

- اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے نئے الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہو الفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ سبق کے جس جملے میں آیا ہو، اس جملے کی بلند خوانی کرے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**(الف) دیے ہوئے الفاظ کے معانی بتائیں۔**

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| حل نکالنا | | منزل | |
| مِل جُل کر | | ایکسیڈنٹ | |
| تدبیر سوجھی | | فریکچر ہو جانا | |

**(ب) دیئے ہوئے سوالات کے جوابات لکھیں۔**

☆ **زاہد اور شاہد اسکول کیسے جاتے تھے؟**

**ج:** ____________________

____________________

☆ **زاہد اور شاہد کو چوٹیں کیسے آئیں؟**

**ج:** ____________________

____________________

☆ **شاہد کی ٹانگوں کا فائدہ کس کو ہوا؟**

**ج:** ____________________

____________________